إنَّ الفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ ۔ عَسٰى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُودًا

غلام احمد قادیانی

رجسٹرڈ ایل نمبر ۴۳۵

تار کا پتہ الفضل قادیان

# THE ALFAZL
## QADIAN

# الفضل قادیان

اخبار ہفتہ میں دو بار

فی پرچہ ایک آنہ

ایڈیٹر غلام نبی

قیمت سالانہ پیشگی ۔۔ ششماہی للعہ ۔ سہ ماہی عا

جماعت احمدیہ کا مسلمہ آرگن جسے (سنہ ۱۹۱۳ء میں) حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے اپنی ادارت میں جاری فرمایا

نمبر ۱۰۲ ۔ مورخہ ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء یوم سہ شنبہ مطابق ۷ شوال سنہ ۱۳۴۴ھ ۔ جلد ۱۳


Digitized by Khilafat Library Rabwah

## مدینۃ المسیح

جناب حافظ روشن علی صاحب نے رمضان المبارک میں قرآن کریم کا جو درس دینا شروع فرمایا تھا خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے ۱۳ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء کو ختم ہوا۔ خاتمہ پر حسب معمول سابق حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ تعالیٰ نے آخری دو سورتوں کی تفسیر بیان فرمائی۔ اور پھر اسلام اور سلسلہ کی ترقی کے لئے۔ حاضرین کے لئے۔ (جن میں مرد۔ عورتیں اور بچے کثیر تعداد میں شامل تھے) سب جماعت کے لئے۔ اور تمام مخلوق خدا کے لئے۔ طویل دعا فرمائی۔ جو آدھ گھنٹہ تک جاری رہی۔ دعا روزہ افطار کرنے کے۔ بالکل قریب ختم ہوئی۔ اور اسی وقت عید کا چاند بڑی آسانی سے نظر آ گیا۔ اسواسطے ۱۴ کو ۲۸ روزے رکھنے کے بعد عید ہوئی۔ چونکہ دارالامان میں بوجہ رمضان کا چاند ۵ مارچ نظر نہ آنے کے ۱۶ کی بجائے ۱۷ اپریل کو روزہ رکھا گیا تھا۔ اور متعدد مقامات سے ۱۶ کو چاند دیکھ کر روزہ رکھنے کی شہادتیں آچکی تھیں۔ اس لئے حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا تھا کہ جن لوگوں نے ۷ اپریل سے روزہ رکھنا شروع کیا۔ انہیں رمضان کے بعد ایک روزہ اور رکھنا چاہیئے۔ چنانچہ اس کے مطابق یہاں ایک روزہ رکھا جائے گا۔

اجتماع عید باغ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام میں ہوا۔ جہاں فرش اور مستورات کے لئے پردہ کا انتظام کیا گیا تھا۔ خدا کے فضل و کرم سے مردوں۔ عورتوں اور بچوں کا ہجوم بہت پُر رونق تھا۔ کھانے پینے کی دوکانیں بھی دوکانداروں نے لگائیں۔ ۹ بجے نماز عید پڑھنے کا اعلان کیا گیا تھا۔ حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ تعالیٰ پورے ۹ بجے تشریف لے آئے۔ اور نماز عید پڑھائی نماز کے بعد تقریب عید کے متعلق خطبہ ارشاد فرمایا۔ اور اس کے بعد تمام مجمع سمیت حضور نے دعا کی۔ بعد ازاں تمام اصحاب نے ترتیب کے ساتھ حضور سے مصافحہ کیا اور بہت دیر تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ آخر احباب ایک دوسرے کو مبارکباد دیتے مصافحہ اور معانقہ کرتے واپس آئے باہر سے بھی بہت سے اصحاب نماز عید میں شامل ہونے کے لئے تشریف لائے ہوئے تھے۔ صدقۃ الفطر باقاعدہ ہر ایک احمدی مرد۔ عورت اور بچہ کا وصول کیا گیا۔ اور حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ تعالیٰ نے عید سے پہلے اپنے پرائیویٹ سکرٹری مولوی عبد القدیر صاحب بی اے کے ذریعہ یتامیٰ۔ غربا۔ مساکین وغیرہ میں تقسیم فرما دیا۔ ناظر صاحب ضیافت جناب میر محمد اسحٰق صاحب نے لنگر خانہ میں عید کے دن اچھا کھانا پکوا کر مہمانوں وغیرہ کو کھلایا۔

چونکہ آجکل گردونواح میں پلیگ کی عام شکایت سنی جاتی ہے۔ اس لئے ۷ اپریل جناب ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب نے مستورات کے مجمع میں گھروں کی صفائی اور ضروری احتیاط کے متعلق لیکچر دیا۔

سالانہ امتحان کے بعد مدرسہ احمدیہ ۱۷ اپریل سے کھل گیا ہے۔ جو احباب اپنے بچوں کو داخل کرانا چاہیں۔ جلدی بھیجدیں۔ لڑکا پرائمری پاس ہونا چاہیئے۔

ششماہی ٹورنامنٹ ۱۹ اپریل سے انشاء اللہ تعالیٰ شروع ہوگا۔

---

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# اخبار احمدیہ

## اعلان نظارت اعلیٰ

(۱) میں نے اخبار الفضل میں اعلان کیا تھا۔ کہ جماعتیں امیروں کے متعلق جدید انتخاب کر کے مرکز سے دوبارہ منظوری لیں۔ اس کے جواب میں سکرٹریوں کی طرف سے خطوط آ رہے ہیں۔ کہ فلاں فلاں آدمی قابل ہیں۔ انکو امیر مقرر کیا جائے۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں۔ کہ اس طرح درخواست کرنا ٹھیک نہیں ہے بلکہ اس میں لکھا جائے۔ کہ فلاں تاریخ کو انجمن کا اجلاس ہوا فلاں فلاں آدمی تجویز ہوئے۔ اور ہر ایک کے ساتھ ووٹوں کی تعداد لکھی جائے۔ کہ فلاں کے متعلق اتنے ووٹ ہیں۔ اور فلاں کے متعلق اتنے۔ اور یہ بھی ضروری نہیں کہ امیر ہی مقرر ہوں۔ جو جماعتیں امیر نہ چاہتی ہوں۔ وہ لکھ دیں۔ کہ ہمیں امیر کی ضرورت نہیں ؛

(۲) جماعتوں کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے۔ کہ آیندہ سے دفتر ڈاک پرائیویٹ سکرٹری صاحب حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ کے ماتحت ہے۔ تمام احباب افسر ڈاک کی بجائے پرائیویٹ سکرٹری حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ لکھا کریں ؛

ذوالفقار علی خان۔ ناظر اعلیٰ۔ قادیان

## اعلان نظارت دعوۃ و تبلیغ

پنجاب کے ایک شہر میں ہندی پڑھانے کے لئے ایک ماہ کے لئے ایک شخص کی ضرورت ہے۔ اگر کوئی احمدی دوست آنریری طور پر اپنی خدمات پیش کر سکیں۔ تو شکریہ کے ساتھ قبول کی جائینگی۔ درخواستیں بنام ناظر دعوت و تبلیغ۔

(۲) دو شہری جماعتوں کو اپنے حلقۂ عمل میں تبلیغ کے لئے دو مبلغوں کی ضرورت ہے۔ تنخواہ حسب لیاقت دی جائیگی۔ خواہشمند احباب اپنی درخواستیں بتصدیق مقامی سکرٹری یا پریزیڈنٹ یا امیر جماعت ارسال کریں۔ اور اپنی استعداد اور علمی قابلیت بھی لکھیں۔

(۳) مولوی عبدالرحیم صاحب درد لنڈن سے اطلاع دیتے ہیں کہ جنوری کے خاص نمبر کے خرچ کی زیادتی کو پورا کرنے کے لئے اپریل اور مئی کا رسالہ ریویو انگریزی اکٹھا شائع ہوگا۔ خریداران رسالہ مطلع رہیں ؛

(۴) اگر کوئی مبلغ تین ماہ کے لئے والنٹیئر بن کر علاقہ ارتداد میں جائے اور ساندھن ضلع آگرہ یو۔پی میں رہے۔ تو قریشی محمد حنیف صاحب ہیڈ ماسٹر سکول ساندھن تین ماہ کے لئے اس کو خرچ خوراک دینگے۔ مگر مبلغ صاحب انگریزی خوان ہوں ؛

ناظر دعوت و تبلیغ قادیان

## وائسرائے ہند کی خدمت میں پیغام تہنیت اور اس کا جواب

ہز ایکسیلنسی وائسرائے ہند کی ہندوستان میں تشریف آوری پر حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ تعالیٰ اور جماعت احمدیہ کی طرف سے جو پیغام تہنیت جناب مفتی محمد صادق صاحب ناظر امور خارجیہ نے بھیجا۔ اس کا مفصلہ ذیل جواب موصول ہوا ہے :-

"حضور وائسرائے اور ان کی لیڈی صاحبہ آپ کے پُر تپاک پیغام تہنیت پر مخلصانہ شکریہ کا اظہار کرتے ہیں۔ آپ کی ہمدردی اور خیر اندیشی کے کلمات اس عظیم الشان کام کے لئے جو ان کے در پیش ہے۔ بہت ہی حوصلہ افزا ہیں"

پرائیویٹ سکرٹری وائسرائیگل لاج۔ دہلی ؛

## اعلان نظارت تعلیم و تربیت

چونکہ میاں الٰہ بخش اور میاں عمر الدین ساکنان بنگہ نے اپنی لڑکیوں کی شادی باوجود سمجھانے اور منع کرنے کے غیر احمدیوں کے ہاں کر دی ہے۔ اس لئے مطابق حکم حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ ان دونوں کو جماعت احمدیہ سے خارج کیا جاتا ہے۔ مرزا شریف احمد۔ ناظر تعلیم و تربیت ؛

## موصیوں کے متعلق اعلان

ایسے احباب کے متعلق جو کوئی جائداد نہیں رکھتے وصیت کس طریق پر کر سکتے ہیں۔ حسب ذیل ریزولیوشن مجلس معتمدین میں بہ اجازت حضرت امام علیہ الصلوٰۃ والسلام ۲۹ جنوری ۱۹۲۶ء کو منظور ہوا تھا۔ "جو احباب کوئی جائداد نہیں رکھتے۔ مگر کوئی آمدنی کی سبیل رکھتے ہیں۔ وہ اپنی آمدنی کا کم از کم ۱/۱۰ حصہ ماہوار انجمن کے سپرد کریں۔ ان کو اختیار ہے کہ جو چندے وہ سلسلہ عالیہ کی امداد میں دیتے ہیں۔ ان کو اس ۱/۱۰ حصہ میں شامل رہنے دیں یا الگ کر دیں۔ ان کو وصیت کرنی ہوگی۔ کہ ان کے مرنے کے بعد ان کے متروکہ کے کم از کم ۱/۱۰ حصہ کی مالک انجمن ہو" ؛

محمد سرور شاہ۔ سکرٹری انجمن کارپرداز مصالح قبرستان

## یتیموں کی امداد

میرا بہنوئی احمد دین درزی ساکن لاہور عرصہ سے فوت ہو گیا ہے۔ اس کے پانچ یتیم لڑکے لڑکیاں ہیں۔ جن پر بہت سا قرضہ ہے۔ اور ان کے پاس سوائے مکان کے کوئی جائداد نہیں۔ ہم مکان فروخت کرنا چاہتے ہیں۔ اگر کوئی احمدی دوست خریدنے والا ہو بہت رعایت سے مکان دیا جائے گا۔ لہذا بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے۔ کہ اگر کسی احمدی کو ضرورت ہو۔ تو بہت جلدی میرے ساتھ بذریعہ خط یا زبانی فیصلہ کر کے فائدہ اُٹھائیں۔ مکان متصل مسجد احمدیہ محلہ حاجی پورہ لالہ موسیٰ میں ہے۔

خاکسار محمد دین تہال۔ براستہ کھاریاں ضلع گوجرات

## حج بدل

اگر کوئی صاحب اپنی طرف سے اس سال حج بدل کرانا چاہیں۔ تو اس کے متعلق جناب مفتی محمد صادق صاحب سے خط و کتابت فرمائیں۔ چونکہ بہت تھوڑا وقت رہ گیا ہے۔ اس لئے جلدی کرنی چاہیئے۔ اخراجات کا اندازہ جناب مفتی صاحب بتا دینگے ؛

## درخواست دُعا

میں امتحان تحتانی (اسپیشل) میں بیٹھ رہی ہوں۔ بزرگوں سے درخواست کرتی ہوں۔ کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے کامیاب کر کے مجھے خادم دین بنائے۔ آمین

راقمہ چاند بی بی احمدی۔ ساکن تیماپور،

(۲) ہانگ کانگ میں اسوقت ۱۳ احمدی ہیں۔ سکرٹری تبلیغ برادرم غلام مصطفےٰ صاحب درخواست کرتے ہیں۔ سب کے لئے دعا کی جائے۔ کہ اللہ تعالیٰ سب کو خادم دین بنائے۔ اور اپنی رضا کی راہوں پر چلنے کی توفیق بخشے ؛

(۳) یہ عاجز عرصہ دو سال سے عہدہ انسپکٹری میں قائم مقام ہے۔ ایام قائمقامی میں نہ تو رخصت مل سکتی ہے۔ اور نہ سالانہ ترقی دیجاتی ہے۔ اسکے علاوہ اور بھی تکالیف ہیں۔ اس لئے گذارش ہے کہ احباب دردِ دل سے بارگاہِ ایزدی میں عاجز کے مستقل ہونے کے لئے دُعا فرمائیں۔ خاکسار نیاز محمد انسپکٹر پولیس۔ کراچی۔

## اعلان نکاح

۹ اپریل ۱۹۲۶ء بروز جمعہ بعد نماز عصر مسجد مبارک میں حکیم عبدالرحمٰن صاحب کاغانی احمدی کا نکاح مسماۃ زہرا بیگم بنت مستری محمد بخش صاحب احمدی ساکن شاہجہان پور کے ساتھ میری وکالت میں بمبلغ پانسو روپیہ مہر پر مولوی سید محمد سرور شاہ صاحب نے پڑھا۔ خداوند تعالیٰ مبارک کرے اور اپنی رضا کا باعث بنائے۔ دوست دعا کریں۔

سید محمد قاسم احمدی۔ شاہ جہان پوری

## ولادت

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے اس عاجز کو فرزند عطا فرمایا ہے۔ بزرگان سلسلہ کی خدمت میں عاجزانہ التماس ہے کہ مولود کے نیک بخت باعمر اور خادم اسلام ہونے کے لئے دعا فرمائیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الفضل
قادیان دارالامان - مورخہ ۲۰ اپریل ۱۹۲۶ء

# جمعیۃ العلما اور اشاعت اسلام

ہم نے "جمعیۃ العلماء" کے اجلاس کلکتہ کے متعلق جو مضمون لکھا تھا۔ اور جس میں بتایا تھا۔ کہ سید سلیمان صاحب ندوی نے جو خطبہ صدارت پڑھا اس میں اور تو بہت سی باتوں کا تذکرہ تھا لیکن اشاعت اسلام اور حفاظت اسلام کا کوئی ذکر نہ تھا۔ اس کا حوالہ دیتا ہوا معاصر "مدینہ" (۵ اپریل) لکھتا ہے:-

"قادیانی جماعت کے دربار رسالت کا سرکاری گزٹ اس خطبے پر رائے زنی کرتا ہوا طنزاً اور تعریضاً لکھتا ہے۔ کہ اس خطبے میں تمام مسائل کا تذکرہ ہے لیکن تبلیغ اسلام اور حفاظت اسلام کا ذکر نہیں۔ اور لکھا ہے۔ کہ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ علماء اسلام کے نزدیک یہ دونوں چیزیں کوئی اہمیت نہیں رکھتیں"۔

ہم نے جو کچھ لکھا تھا۔ وہ بلاوجہ اور بلاثبوت نہیں لکھا تھا نہایت طول وطویل خطبہ صدارت اب بھی موجود ہے۔ اور "مدینہ" اپنے صفحات میں اسے درج بھی کر چکا ہے۔ ہم ممنون ہونگے اگر معاصر مذکور اس کا وہ حصہ پیش کریگا۔ جس میں اشاعت اسلام اور حفاظت اسلام کا ذکر ہو۔ اور اس بارے میں کوئی طریق کار پیش کیا گیا ہو۔ لیکن اگر وہ اس کے متعلق کوئی ثبوت نہ دے سکے۔ تو اسے ہمارے ساتھ اس بات پر اتفاق کرنے میں کیا عذر ہو سکتا ہے۔ کہ علماء اسلام کے نزدیک اشاعت اور حفاظت اسلام کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔

معلوم ہوتا ہے۔ معاصر موصوف کو ہمارے جواب میں خطبہ صدارت سے کوئی ثبوت نہ مل سکنے کی وجہ سے ہی ایک نہایت ناموزون اور فضول گھڑنت بیان کرنے کی ضرورت لاحق ہوئی ہے۔ چنانچہ ہمارے مضمون کا ذکر کرتا ہوا لکھتا ہے۔

"اس پر ہمیں ایک لطیفہ یاد آیا۔ جو بعینہٖ قادیانی ذہنیت کا مصداق ہے۔ ایک شادی میں لڑکی کے باپ نے جہیز میں تمام خانہ داری کا ساز و سامان عطا فرمایا۔ پلنگ۔ بستر۔ ترازو۔ باٹ۔ پنکھے۔ دیگیں۔ دیگچے۔ رکابیاں۔ صندوق۔ زیورات وغیرہ۔ یہاں تک کہ ادنیٰ سے ادنیٰ اور جزئی اشیاء بھی اس میں شامل کر دیں اور فٹن۔ گھوڑوں کی جوڑی۔ گائے۔ بھینس بھی دی سمدھی صاحب اس ساز و سامان کو لیتے ہوئے مکان پہنچے۔ ماشاء اللہ بڑے کم حیثیت آدمی۔ یہ قدرت کی نیرنگی تھی کہ دلھن امیر گھرانے کی مل گئی۔ ان کے مکان کا دروازہ تنگ تھا۔ سامان گھر میں لیجا رہے تھے۔ کہ پلنگ جو ضرورت سے زیادہ شاندار تھا۔ دروازے میں اٹک گیا اب ہزار جتن کرتے ہیں۔ کامیابی نہیں ہوتی۔ آخر سامان جہیز میں سے پھاوڑا تلاش کیا۔ نہ ملا تو غصے میں آکے فرمایا۔ کم بخت سمدھی بھی کیسا خسیس ملا۔ جہیز میں پھاوڑا بھی نہیں دیا۔ کہ کام آجاتا۔

حقیقت یہ ہے۔ کہ قادیانی جماعت کی مذکورہ بالا کم نظری اور کم ظرفی اسی قسم کی ہے"۔

مطلب یہ ہوا۔ کہ ہم نے جو یہ لکھا تھا کہ جمعیۃ العلماء کے خطبہ صدارت میں اشاعت اسلام اور حفاظت اسلام کا کوئی ذکر نہیں۔ یہ بات "مدینہ" کے نزدیک بھی درست تو ہے لیکن ہمارا علماء کے جلسے کے ایک "عالم" "صدر" کے خطبہ میں یہ بات تلاش کرنا ایسا ہی ہے جیسا بقول "مدینہ" "کسی سمدھی نے سامان جہیز میں سے پھاوڑا" تلاش کیا تھا۔

ممکن ہے۔ "مدینہ" کو بڑی تلاش اور تجسس کے بعد یہ مثال میسر آئی ہو۔ مگر اس کے پیش کرنے کے موقعہ اور محل کے متعلق ہم کہہ سکتے ہیں۔ کہ اس سے نہ صرف سید سلیمان صاحب ندوی کی کوئی حمایت نہیں کی گئی۔ بلکہ یہ ثابت کیا گیا ہے۔ کہ ان لوگوں کے نزدیک اشاعت اسلام کا سوال "پھاوڑہ" سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا۔ اور اگر کسی کو ان کے خطبوں وان کی تقریروں اور تجویزوں میں اشاعت اسلام سے متعلق کوئی بات نظر نہ آئے۔ تو اسے اپنی "کم نظری اور کم ظرفی" کا ماتم کرنا چاہیئے۔ نہ کہ آج کل کے علماء سے یہ توقع رکھنی چاہیئے۔ کہ وہ اشاعت اور حفاظت اسلام کے متعلق سوچنے اور غور کرنے میں اپنے اوقات گرامی صرف کرینگے۔ وجہ یہ کہ بقول علماء کے بہت بڑے حامی اخبار "مدینہ" "دنیا اور مرغوبات دنیا جہیز ہے۔ جو علماء کرام" بڑی فراخ دلی سے لوگوں کو دے رہے ہیں۔ اور یہ ایک ایسا جہیز ہے جس میں "تمام خانہ داری کا ساز و سامان" موجود ہے۔ ایسی صورت میں اگر کوئی یہ چاہتا ہے۔ کہ "اشاعت وحفاظت اسلام" کے متعلق بھی کوئی چیز سے نظر آئے۔ تو اسے یاد رکھنا چاہیئے کہ اگرچہ مسلمانوں کی ساری شان و شوکت۔ جلال وعظمت اسی کی رہین منت تھی۔ لیکن اس زمانہ میں یہ ان کے "سامان خانہ داری" میں داخل نہیں ہے۔ بلکہ علماء کی برکت سے اسے خانہ ویرانی کا باعث قرار دے دیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ اسے خانہ داری کے ساز و سامان میں بطور پھاوڑا قرار دیا جاتا ہے۔

اگرچہ علماء کے عمل سے آج تک یہ بات نمایاں طور پر معلوم ہو رہی تھی۔ کہ ان کے نزدیک اشاعت اسلام کا کام دُور از کار شغل سے زیادہ قطعاً وقعت نہیں رکھتا اور وہ اپنے دنیاوی کاموں کے مقابلہ میں اس کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنے کے لئے بھی تیار نہیں ہیں لیکن زبانی طور پر وہ اس کا اقرار نہ کرتے تھے۔ بھلا ہو اخبار "مدینہ" کا کہ اس نے علماء کی ترجمانی کا حق ادا کرتے ہوئے بتا دیا کہ اشاعت اسلام کے لئے کوشش اور سعی کرنا تو الگ رہا۔ اس کے متعلق اپنی محفل میں ذکر کرنا بھی وہ پسند نہیں کرتے۔ اور اگر کوئی اسکی وجہ پوچھے۔ تو اسے سمدھی والی مثال سنا دی جاتی ہے جس نے جہیز میں اور تو سب کچھ دیا تھا لیکن خانہ ویرانی کے لئے "پھاوڑہ" نہ دیا تھا۔

جن لوگوں کی اشاعت اور حفاظت اسلام کے متعلق یہ ذہنیت ہو۔ ان سے کیا توقع ہو سکتی ہے۔ کہ انہیں اسلام کا بھی کچھ درد ہے۔ در اصل بات یہ ہے۔ کہ ایسے لوگ خواہ وہ علماء کہلاتے ہوں۔ یا انگریزی خوان۔ صرف نام کے مسلمان ہیں۔ وہ خود اسلام کی خوبیوں سے واقف نہیں اور اسکے فیوض وبرکات سے حصہ نہیں رکھتے۔ اور جب ان کی اپنی حالت یہ ہے۔ تو وہ کس طرح غیروں کو اسلام کی دعوت دے سکتے ہیں۔ ان مسلمانوں کے پاس اگر کچھ ہے۔ تو پرانے قصے کہانیاں۔ جو دوسرے مذاہب والے ان سے بڑھکر بیان کر سکتے اور بیان کرتے ہیں۔ زندہ اسلام جب تک ان کے پاس نہ ہو۔ اور وہ اسلام کے زندہ مذہب ہونے کا ثبوت اپنے اندر نہ رکھتے ہوں۔ اسوقت تک انہیں جرأت ہی کس طرح ہو سکتی ہے۔ کہ غیر مذاہب کے لوگوں کو اسلام کی دعوت دیں۔ یہی وجہ ہے۔ کہ وہ اس کام سے کنی کتراتے ہیں۔ اور باوجود احمدیوں کے مقابلہ میں بہت ہی زیادہ تعداد رکھنے اور مالدار ہونے کے احمدیوں کی نسبت عشر عشیر بھی اسلام کی خدمت نہیں کر سکتے۔

کاش! مسلمان اپنی اس حالت پر غور کریں۔ اور پہلے خود اسلام کی صداقت اور حقانیت پر اس انسان کے ذریعہ حقیقی ایمان و وثوق حاصل کریں۔ جسے خدا تعالیٰ نے "مسلمان را مسلمان باز کردند" کے لئے اس زمانہ میں مبعوث فرمایا۔ تا وہ دنیا کے مقابلہ میں اشاعت اور حفاظت اسلام کے مقدس کام میں حصہ لینے کی توفیق پا سکیں۔

# کونسلوں میں داخلہ اور مسلمان

جن علماء نے کونسلوں میں داخلہ حرام اور قطعی حرام قرار دیا تھا۔ انہی سے اب اس کے جواز کا فتویٰ طلب کرنا انتہا درجہ کی ستم ظریفی نہیں تو اور کیا ہے۔ لیکن علماء جتنے پانی میں ہیں۔ اس سے سب لوگ خوب آگاہ ہیں۔ اسی لئے بڑے اصرار کے ساتھ اب

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# ضرورت وصیت

(جناب مولانا مولوی سید سرور شاہ صاحب کی تقریر جو آپ نے گذشتہ سالانہ جلسہ پر کی)

مولانا مولوی سرور شاہ صاحب نے سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد اپنی تقریر شروع کی۔ اور فرمایا:-

## جنت کیا ہے

ایسا کوئی مومن نہیں۔ جو کہ جنت کو نہ چاہتا ہو۔ مگر اس میں ذرہ بھی شک نہیں کہ انسان جس قدر کسی چیز کی خوبیوں کو جانتا ہے۔ اسی قدر اس کو اس کی ضرورت بھی محسوس ہوتی ہے۔ اور جس قدر اس کو کسی چیز کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ اسی قدر اس کو چاہتا ہے۔ پس جنت کہ جس کے معنے باغ کے ہیں۔ اگر اس کی حقیقت یہی سمجھی جائے۔ جو کہ دنیا کے باغوں کی ہے۔ تو پھر خواہ اس کو اعلےٰ سے اعلےٰ بھی خیال کیا جائے۔ تو بھی اس کی چاہت ایسی نہیں ہو سکتی کہ اس کی وجہ سے انسان سب کچھ قربان کرے اور پورے پورے اتباع شریعت کے بار گراں کو خوشی اٹھا کر عمر بھر اس پر قائم رہ سکے۔

## جنت کن کو ملیگی

میں اس وقت ایک بات کہنا چاہتا ہوں اگرچہ علماء اور صوفیاء کرام اس کے کہنے سے رکتے رہے ہیں مگر قرآن کریم نے بار بار اس کی طرف توجہ دلائی ہے۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ خداوند تعالےٰ نے اپنی نسبت فرمایا ہے۔ وان یوما عند ربک کالف سنۃ مما تعدون۔ اور فرمایا ہے۔ تعرج الملٰئکۃ والروح الیہ فی یوم کان مقدارہ خمسین الف سنۃ (فرشتے اور روح اسی کی طرف ایسے دن میں چڑھیں گے۔ کہ جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے) پس جس طرح اس نے اس یوم میں ایک شان اختیار کی ہوئی ہے۔ کہ انسان اس کو نہیں دیکھ سکتا۔ اور وہ غائب رہ کر فرشتوں کے ذریعہ سے کام کرتا ہے۔ اور اس جہان میں فرشتے اس کے مقرب بندے ہیں اسی طرح یوم الآخرۃ میں وہ ایک اور شان اختیار کرے گا۔ بلاشبہ گویا وہ ایک شاہنشاہی دربار ہوگا۔ اور بادشاہی درباروں میں غلام اور ملازمین علےٰ قدر مراتب حاضر رہتے ہیں۔ اور ظاہر ہے۔ کہ ہر ایک آقا اپنے انہی غلاموں کو اپنا مقرب بناتا ہے۔ کہ جو اس کی طرز کے ہوں۔ اور اس کے رنگ میں رنگین ہوں۔ اور مخلوقات میں سے انسان ہی وہ مخلوق ہے جو کہ خداوند تعالےٰ کے سب اسماء کا مظہر ہے۔ فرشتے سب اسماء کے مظہر نہیں۔ پس اس جہان میں تو خداوند تعالےٰ نے بھی وراء الوراء ہونے کی شان اختیار فرمائی ہوئی ہے۔ اور انسان بھی اپنے مادی وجود کی وجہ سے اس کے قرب اور حضور کے قابل نہیں۔ اس لئے دنیا میں تو ملائکہ کا واسطہ ہے۔ لیکن اس دنیا میں جو خداوند تعالےٰ کے بھیجے ہوئے قوانین شرع کی پیروی کریں گے۔ تو اس دوسرے جہان میں ان کو نہایت لطیف وجود ملے گا۔ اور ان میں خداوند تعالےٰ کے اسماء کا ظہور بھی بہت نمایاں ہوچکا ہوگا اور خداوند تعالےٰ بھی اس شاہنشاہی شان میں تجلی فرمائے گا۔ تب یہ لوگ بلا تشبیہ اس کے درباری عباد اور غلام ہونگے۔ اور اس شاہنشاہی قرب میں جو ان کی رہائش اور قیام کا مقام ہوگا۔ لسان الشرع میں اس کا نام جنت ہوگا۔

## جنت سے کون محروم رہیں گے

مگر جو لوگ کہ دنیا میں قوانین شرع کے پیرو نہیں بنے نہ تو ان کا وجود ہی اس قابل ہوگا۔ کہ اس عالی مقام میں داخل ہو سکے۔ اور نہ ان میں اسماء الٰہیہ کا اس قدر ظہور ہوگا۔ کہ وہ درباری غلام بنائے جا سکیں۔ اس لئے وہ اس عالی مقام اور بارگاہ میں داخل نہیں ہو سکیں گے۔

## عبادت کیا ہے

پس اس جہان میں خداوند تعالےٰ کی عبادت کرنا ایک تعلیم اور مشق اور تیاری ہے اس لئے۔ کہ اس شاہنشاہی شان کے دن ہم عباد اور درباری غلام بننے کے قابل ہو جائیں۔ اور اس بارگاہ اور درباری لوگوں کے مقام اور رہائشی جگہ کا نام جنت ہے پس جب جنت کی یہ حقیقت ذہن میں ہو۔ تو اس کی قدر و منزلت اور شوق اور طلب بہت بڑھ جاتی ہے۔ جس کے حصول کے واسطے انسان ہر ایک قربانی کے لئے تیار ہو سکتا ہے۔ اور ہر ایک تکلیف کو برداشت کر سکتا ہے۔

## پیدائش انسان کی غرض

قرآن مجید میں جو یہ ارشاد ہے۔ ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون۔ عام طور پر اس کا مطلب یہی سمجھا گیا ہے۔ کہ انسان کی پیدائش اس لئے ہوئی۔ کہ دنیا میں خدا کی غلامی بجا لائے۔ یعنی اس کے احکام کی پیروی اور اتباع کرتا رہے۔ اور یہ مطلب گو صحیح ہے۔ مگر اسی پر اس کو بند کر دینا صحیح نہیں۔ کیونکہ یہ تو ابتدائی مشق اور تیاری ہے۔ اور اصل غلامی بجا لانا تو آخری زندگی میں ہے۔ جہاں کہ اپنی اس دنیوی مشق اور تیاری کی وجہ سے منتخب ہو کر دوسروں سے علیحدہ کر کے جنت کے احاطہ میں داخل کر کے درباری غلام بنایا جائے گا۔ پس اس کا مطلب یہ ہوا۔ کہ ہم نے ان کو اس لئے پیدا کیا تاکہ (اس نشأۃ آخرہ میں) یہ غلامی بجالائیں۔

میں اس وقت اس کے دلائل نہیں بیان کرتا۔ ہاں اس قدر ضرور کہتا ہوں۔ کہ جو بھی قرآن مجید پر غور کرے گا۔ وہ قرآن مجید میں اس کا نہایت کثرت کے ساتھ بین ثبوت پائیگا۔ بلکہ جو اس ام الکتاب پر بھی غور کرے گا۔ کہ جس میں قرآن مجید کے سب مطالب خاص طریق پر بیان کئے گئے ہیں۔ اور جس کو میں نے ابتداء میں تلاوت کیا ہے۔ تو وہ اس میں بھی اس کا صریح اشارہ پائے گا۔

اس میں ایاک نعبد فرما کر اس عبادت کا ذکر فرمایا ہے جس کو ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون نے خلق انسان کی غایت یا عاقبت بیان فرمایا ہے۔ مگر اس کا یوم الدین (جزا اور سزا کے دن) کے بعد ذکر فرمایا۔ جس سے صاف معلوم ہوتا ہے۔ کہ اسی نشأۃ آخرہ میں غلامی بجالانا مقصود ہے۔

## آقا کیسے نوکر کو پسند کرتا ہے

یہ بات سب لوگ جانتے ہیں۔ کہ ایک آقا اسی شخص کو زیادہ پسند کرتا ہے۔ جو ہر رنگ میں اس کا مظہر ہو۔ اگر آقا ڈاکو ہو۔ تو وہ کسی ڈاکو ہی کو پسند کرے گا۔ اور یہ نہیں کرے گا۔ کہ خود تو ڈاکو ہو۔ اور اپنا مقرب بنانے کے لئے وہ کسی نیکوکار شخص کو پسند کرے۔ اگر ایک آقا رحیم۔ کریم اور شریف الطبع ہو تو وہ کسی ایسے ہی آدمی کو اپنا مقرب بنانے کے لئے پسند کرے گا۔ جس میں اس کی جملہ صفات موجود ہوں اور یہ نہیں کرے گا۔ کہ خود تو رحیم۔ کریم اور شریف الطبع ہو اور اپنے تقرب کے لئے بدباطن شخص کو پسند کرے۔ ایک نیک آدمی کا جانشین ایک بد آدمی نہیں ہو سکتا اور ایک فرشتہ خصلت انسان کا مظہر یا قائم مقام ایک شیطان وجود نہیں بن سکتا۔ عالم جاہل کو۔ نیکوکار بدکار کو۔ رحمدل سنگدل کو اپنا قائم مقام نہیں بنائیگا اور نہ ہی کبھی اسے اپنا مقرب ٹھہرائے گا۔ دوسرے لفظوں میں اس کا یہ مطلب ہوا۔ کہ انسان جس کا مقرب بننا چاہے۔ اس کا مظہر بنتے ہوئے۔ اس کی صفات کو اس طرح اختیار کرے۔ کہ ہر حال میں اس کے وجود سے ان کا اظہار ہوتا رہے۔ اور اس کے مزاج کے موافق اپنے مزاج کو بنائے۔ اور ان باتوں کو پیدا کرے۔ جن میں اس کی خوشنودی اور رضاء مضمر ہو۔

## انسان صفات خدا کا مظہر ہے

انسان دنیا میں اس لئے بھیجا گیا ہے۔ کہ وہ اپنے رب کی صفات کا پورے طور پر مظہر بن جائے۔ خدا کی بعض بعض صفات کے فرشتے بھی مظہر ہیں۔ لیکن علم آدم الاسماء کلھا کا مصداق انسان ہی ہے۔ پھر یہ مظہریت ان فرشتوں میں فطری طور پر ہے۔ اکتسابی طور پر نہیں پیدا ہوئی۔ لیکن خدا نے ایک ایسی مخلوق بھی دنیا میں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پیدا کی ہے جو اکتسابی طور پر ان صفات کثیرہ کی مظہر بن سکتی ہے۔ یہاں تک کہ خدا تو نہیں پر خدا نما ہو سکتی ہے۔ اور وہ مخلوق یہ انسان ہی ہے +

### مظہر الٰہی بننے کی کوشش

مگر باوجود اس کے یہ نہیں ہو سکتا۔ کہ وہ خدا تعالےٰ کی ہر ایک صفت کا تمامتر مظہر بن جائے۔ بلکہ بقدر طاقت بشریہ وہ مظہر بن سکتا ہے۔ مثلاً خدا کھاتا پیتا نہیں۔ انسان یہ نہیں کر سکتا۔ کہ کھانا پینا بالکل چھوڑ دے۔ ہاں بقدر طاقت بشریہ وہ ایک حد تک کھانا پینا چھوڑ سکتا ہے چنانچہ دنیا میں بہت کم کھانے والے بھی موجود ہیں۔ اور روزہ کی علل موجبہ میں سے یہ مظہریت بھی ایک علت ہے پھر خدا رب العالمین ہے۔ انسان رب العالمین نہیں بن سکتا۔ لیکن بقدر طاقت بشریہ وہ بن سکتا ہے۔ چنانچہ ربوبیت کرنیوالے انسان بھی موجود ہیں۔ اگرچہ وہ من کل الوجود ربوبیت نہیں کر رہے۔ مگر بقدر طاقت بشریہ ان کی ربوبیت جاری ہے جیسا کہ ماں باپ بچہ کی ربوبیت کرنے والے ہوتے ہیں۔ یہی تمام صفات الٰہیہ کا حال ہے۔ پس مظہر بننے کے لئے ضروری ہے۔ کہ انسان بقدر طاقت بشریہ کوشش کرے +

### مظہریت پیدا کرنے کا ذریعہ

وہ کوشش شریعت کی پوری پوری اتباع ہے۔ یہاں تک کہ اسے مظہریت کا جامہ پہنا دیا جاتا ہے۔ جب انسان شریعت کے حکموں پر عمل کرتا ہے۔ تو بے شک بظاہر وہ احکام کی تعمیل کرتا ہوا نظر آتا ہے۔ لیکن درحقیقت وہ مظہریت اختیار کر رہا ہوتا ہے۔ کیونکہ شریعت کے تمامتر احکام کا تقاضا اگر بغور دیکھا جائے تو حصول مظہریت ہی ہے۔ اور مظہریت کی غرض و غایت یہ ہے۔ کہ انسان خدا کا مقرب بن جائے +

### مظہریت کی غرض و غایت

جیسا کہ میں نے کہا ہے۔ مظہریت کی غرض و غایت تقرب الی اللہ ہے۔ اور یہ مظہریت بغیر مکمل عبودیت کے حاصل نہیں ہو سکتی۔ اور عبودیت پیدا نہیں ہو سکتی۔ جب تک احکام شریعت پر عمل نہ کیا جائے۔ اور احکام شریعت پر عمل کرنا گویا ایک مشق کرنا ہے صفات الٰہیہ کے اپنے اندر پیدا کرنے کے لئے۔ لیکن اس مادی وجود میں جسطرح انسان اس لطیف ترین دربار کے لائق نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح اس میں ان صفات کا کامل بروز ظہور بھی نہیں ہو سکتا۔ لیکن جس طرح والدین کی قوانین قدرت کی اتباع اور خلاف ورزی بچے کے جسم پر اس دنیا میں خاص اثر ڈالتی ہے۔ اسی طرح انسان کا قوانین شرع کے مطابق چلنا اس کے دوسرے جہان کے وجود پر یہ اثر ڈالتا ہے۔ کہ اس جہان میں اس کو ایسا وجود ملے گا۔ جو کہ نہایت لطیف اور اس جہان کے سب سکھوں اور آراموں کا موجب اور ان صفات کے کامل ظہور کے لئے قابل ترین اور اس عالی دربار کے لئے ازبس موزون ہوگا۔ اور قوانین شرع کی بغاوت اور نقص اس کے بالکل خلاف اثر ڈالتا ہے۔ لہٰذا وہ اسفل سافلین میں جائے گا۔ اور یہ خاص قرب اسی جنت میں جا کر ملے گا۔ اور یہی وجہ ہے۔ کہ علیٰ قدر المعرفت ہر ایک مومن اس کا خواہش مند اور طالب ہے۔ اور جو چیز بھی اہم مطلوب ہو۔ اس کے حصول سے پہلے انسان چاہتا ہے۔ کہ مجھے پہلے سے معلوم ہو جائے۔ کہ یہ ضرور مل جائے گی۔ اور میں اس میں ضرور کامیاب ہوں گا۔ اس لئے جنت جیسے مطلوب کے حصول کے تیقن کو تو بہت چاہتا ہے۔ مگر دنیا میں اس تیقن کا حصول بہت ہی مشکل اور عزیز الوجود امر ہے۔ یہ تو انبیاء کی الہامی کتابوں میں اور خود ان کے کلام میں صاف اور کثرت کے ساتھ ملتا ہے۔ کہ جو اس دین کا سچا پیرو ہوگا وہ جنتی ہے۔ مگر ڈرانے والی تو بات ہی یہ ہے۔ کہ اس کا کیونکر یقین ہو۔ کہ فلاں فی الحقیقت اور عند اللہ سچا پیرو ہو گیا ہے۔ اور پھر اس یقین کے حصول کا ہر ایک اہل بھی نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ ایمان خوف و رجاء کے درمیان ہے۔ اور عملی زندگی کی بنیاد بھی اسی خوف و رجاء پر ہے۔ اور اس یقین کے بعد خوف و رجاء اور عملی زندگی کا قائم رکھنا اعلےٰ معرفت پر موقوف ہے۔ اس لئے آنحضرت سے پہلے انبیاء نے عموماً لیکن آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مختلف طریقوں سے اس کا علم دیا ہے +

### دہ یار جنتی

عشرہ مبشرہ (جن کو لوگ دہ یار بہشتی کہا کرتے ہیں) تو مشہور ہیں۔ جن کو صاف صاف کھلے طور پر جنتی ہونے کی بشارت دی گئی تھی مثلاً حدیث میں آیا ہے۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم ایک دن ایک کنوئیں پر گئے۔ اور ایک صحابی رضؓ کو اس کے دروازہ پر کھڑا کر دیا۔ اور آپ وضو کر کے کنوئیں کی منڈیر پر بیٹھ گئے۔ اور دونو لاتیں ننگی کر کے اس کے اندر لٹکا دیں۔ حضرت ابوبکر رضؓ آئے۔ تو دربان نے ان کو کھڑا کر دیا۔ اور حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی۔ کہ ابوبکر اجازت چاہتے ہیں۔ حضور نے فرمایا۔ کہ ائذن لہ وبشرہ بالجنۃ اس کو اجازت دے۔ اور اس کو جنت کی خوشخبری دیدے۔ چنانچہ اس نے آکر ان کو کہا۔ کہ حضور نے اجازت دی ہے اور آپ کو جنت کی بشارت دیتے ہیں۔ حضرت ابوبکر رضؓ اندر جا کر دونو لاتیں کنوئیں میں لٹکا کر حضور کے پاس منڈیر پر بیٹھ گئے۔ ان کے بعد حضرت عمر رضؓ آئے۔ اور دربان نے ان کے لئے بھی اجازت چاہی۔ تو حضور نے فرمایا۔ کہ ائذن لہ وبشرہ بالجنۃ۔ اور اس نے آکر ان کو اجازت اور بشارت سنائی۔ تو آپ بھی اندر آکر اسی طریق پر بیٹھ گئے۔ پھر حضرت عثمان آئے۔ تو ان کے لئے بھی حضور نے ائذن لہ و بشرہ بالجنۃ فرمایا۔ اور وہ بھی اسی طریق پر منڈیر پر بیٹھ گئے +

معلوم ہوتا ہے۔ کہ حضورؐ کو یہ نقشہ دکھا کر بتا دیا گیا تھا۔ کہ یہ جنتی ہیں۔ تو حضورؐ نے عملاً اس کو پورا کر دیا +

### شاہ عبدالعزیز صاحب کا ایک واقعہ

شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حالات میں لکھا ہے۔ کہ مجھے ایک دفعہ یہ بتایا گیا۔ کہ آج عصر کی نماز میں جو ستر آدمی تیرے پیچھے نماز پڑھینگے وہ جنتی ہیں۔ جب نماز عصر کا وقت آیا۔ اور نماز شروع کرنے سے پہلے میں نے شمار کیا۔ تو پورے ستر آدمی تھے۔ مگر ان میں ایک ایسا آدمی بھی تھا جو مخالف تھا۔ بلکہ وہ ہم کو کافر کہتا تھا اس پر میں حیران ہوا۔ کہ یہ کس طرح جنتی ہو گیا۔ میں کچھ تھوڑی دیر ٹھہرا بھی۔ کہ شاید یہ چلا جائے۔ لیکن وہ بیٹھا رہا۔ آخر مجھے یہ خیال آیا۔ کہ خداوند تعالےٰ کا علم بہت باریک ہے جس تک ہم نہیں پہنچ سکتے۔ اس میں کوئی حکمت ہوگی۔ تب میں نے نماز پڑھانی شروع کی۔ مگر جب سلام پھیرا۔ تو میں نے دیکھا کہ اس کی جگہ گاؤں کا رہنے والا ایک دوست کھڑا تھا۔ جو کہ ہمارے مخلص دوستوں میں سے تھا۔ دریافت کرنے پر اس نے بیان کیا۔ کہ میں ایک ضروری کام کو جا رہا تھا۔ یہاں سے بھاگتا ہوا گذرا تو اندر نظر پڑی۔ کہ جماعت کھڑی تھی۔ میں نے یہ خیال کیا۔ کہ پہلے نماز باجماعت پڑھ لوں۔ اندر آکر دیکھا۔ تو آپ کے پیچھے صف میں ایک آدمی کی جگہ خالی تھی۔ میں اس جگہ کھڑا ہو گیا۔ اسی اثناء میں وہ مخالف آیا اور کہنے لگا کہ نماز شروع کرنے کے بعد مجھے یاد آیا۔ کہ میرا وضو نہیں۔ میں جب وضو کے لئے گیا۔ تو پیشاب کی حاجت محسوس ہوئی۔ میں نے کہا۔ کہ اب پیشاب بھی کر لوں۔ میں جب وضو سے فارغ ہوا تو نماز ختم ہو چکی تھی۔

رسول کریم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے بعض علامات بھی فرمائی ہیں۔ جو کہ یقین کی مورث تو نہیں۔ مگر ترجیح اور حسن ظن کی باعث ہو جاتی ہیں۔ مگر ایک تو ان میں سے اکثر بہت کمزور روایات کے ساتھ پہنچی ہیں۔ دوم ان کی نسبت یہ احتمال بھی ہے۔ کہ حضورؐ کو کسی خاص آدمی کی نسبت یہ علم دیا گیا ہو۔ اور آپ نے اسی کی نسبت بیان کیا ہو۔ لیکن راویوں نے اس کو عام کے رنگ میں بیان

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نکلی تیری محبت میں کھوئے گئے۔ اور تیرے فرستادہ سے وفاداری اور پورے ادب اور انشراحی ایمان کے ساتھ محبت اور جانفشانی کا تعلق رکھتے ہیں۔ آمین یا رب العالمین"

## نظارہ کشف کو عملی جامہ

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جو کچھ دیکھا کشف میں دیکھا۔ اور اس کشف میں دیکھے ہوئے نظارے کو حضور علیہ السلام نے خدا ہی کی بشارت کے ماتحت ظاہرا صورت بھی دی۔ جو بالکل اسی شان میں ظاہر ہوئی۔ جیسا کہ حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیکھا تھا۔ کہ آپ ایک کنوئیں پر بیٹھے ہیں۔ اور دس ایسے آدمی آپؐ نے دیکھے ہیں۔ جو جنتی تھے۔ پھر جس طرح حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو دیکھا۔ اسی صورت میں ظاہرا طور پر بھی کر دیا۔ ایسا ہی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس بہشتی مقبرہ کا نقشہ دکھایا گیا۔ اور حضور نے اس نقشہ کے مطابق اس کو بنایا۔ اب اس نقشہ کی کیفیت ملاحظہ ہو۔ حضور فرماتے ہیں:۔

"چونکہ اس قبرستان کے لئے بڑی بشارتیں مجھے ملی ہیں۔ اور نہ صرف خدا نے یہ فرمایا۔ کہ یہ بہشتی مقبرہ ہے۔ بلکہ یہ بھی فرمایا۔ کہ انزل فیھا کل رحمۃٍ یعنی ہر ایک قسم کی رحمت اس قبرستان میں اتاری گئی ہے۔ اور کسی قسم کی رحمت نہیں۔ جو اس قبرستان والوں کو اس سے حصہ نہیں اس لئے خدا نے میرا دل اپنی وحی خفی سے اس طرف مائل کیا۔ کہ ایسے قبرستان کے لئے ایسے شرائط لگا دیئے جائیں۔ کہ وہی لوگ اس میں داخل ہوسکیں۔ جو اپنے صدق اور کامل راستبازی کی وجہ سے ان شرائط کے پابند ہوں سو وہ تین شرطیں ہیں۔ اور سب کو بجالانا ہوگا"

## بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے کی پہلی شرط

ان شرطوں میں سے جو کہ بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے کے لئے ہیں۔ پہلی شرط ایسی ہے۔ جو اس نقشہ کو بھی پیش کر رہی ہے۔ جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کشف میں دیکھا۔ اور جس کے لئے بعض شرائط لگانے کی طرف وحی خفی کے ماتحت حضور علیہ السلام کا دل مائل کیا گیا۔ اور اس شرط کو بھی پیش کر رہی ہے۔ جس کے بجالانے کے بعد ایک شخص اس بات کا مستحق ہو جاتا ہے۔ کہ وہ اس قبرستان میں دفن ہو۔ وہ پہلی شرط یہ ہے:۔

(الف) "اس قبرستان کی زمین موجودہ بطور چندہ کے میں نے اپنی طرف سے دی ہے۔ لیکن اس احاطہ کی تکمیل کے لئے کسی قدر اور زمین خریدی جائے گی۔ جس کی قیمت اندازاً ہزار روپیہ ہوگی۔ اور اس کے خوشنما کرنے کے لئے کچھ درخت لگائے جائیں گے۔ اور کنواں لگایا جائے گا۔ اور اس قبرستان سے شمالی طرف بہت پانی ٹھیرا رہتا ہے۔ جو گذرگاہ ہے۔ اس لئے وہاں ایک پل تیار کیا جائے گا۔ اور ان متفرق اخراجات کے لئے دو ہزار روپیہ درکار ہے۔ سو کل یہ تین ہزار روپیہ ہوا۔ جو اس کام کی تکمیل کے لئے خرچ ہوگا۔

(ب) سو پہلی شرط یہ ہے۔ کہ ہر شخص جو اس قبرستان میں مدفون ہونا چاہتا ہے۔ وہ اپنی حیثیت کے لحاظ سے ان مصارف کے لئے چندہ داخل کرے۔ اور یہ چندہ محض انہیں لوگوں سے طلب کیا گیا ہے نہ کہ دوسروں سے۔

بالفعل یہ چندہ اخویم مکرم مولوی نورالدین صاحب کے پاس آنا چاہیئے۔ لیکن اگر خدا نے چاہا۔ تو یہ سلسلہ ہم سب کی موت کے بعد بھی جاری رہے گا۔ اس صورت میں ایک انجمن چاہیے۔ کہ ایسی آمدنی کا روپیہ جو وقتاً فوقتاً جمع ہوتا رہے گا۔ اعلائے کلمہ اسلام اور اشاعت توحید میں جس طرح مناسب سمجھیں خرچ کریں"

## دوسری شرط

"دوسری شرط یہ ہے۔ کہ تمام جماعت میں سے اس قبرستان میں وہی مدفون ہوگا۔ جو یہ وصیت کرے۔ جو اس کی موت کے بعد دسواں حصہ اس کے تمام ترکہ کا حسب ہدایت اس سلسلہ کے اشاعت اسلام اور تبلیغ احکام قرآن میں خرچ ہوگا۔ اور ہر ایک کامل الایمان کو اختیار ہوگا۔ کہ اپنی وصیت میں اس سے بھی زیادہ لکھدے۔ لیکن اس سے کم نہیں ہوگا۔ اور یہ مالی آمدنی ایک بادیانت اور اہل علم انجمن کے سپرد رہے گی۔ اور وہ باہمی مشورہ سے ترقی اسلام اور اشاعت علم قرآن و کتب دینیہ اور اس سلسلہ کے واعظوں کے لئے حسب ہدایت مذکورہ بالا خرچ کرینگے۔ اور خدا تعالے کا وعدہ ہے۔ کہ وہ اس سلسلہ کو ترقی دیگا۔ اس لئے امید کی جاتی ہے کہ اشاعت اسلام کے لئے ایسے مال بھی بہت اکٹھے ہو جائیں گے اور ہر ایک امر جو مصالح اشاعت اسلام میں داخل ہے۔ جس کی اب تفصیل کرنا قبل از وقت ہے۔ وہ تمام امور ان اموال سے انجام پذیر ہونگے۔ اور جب ایک گروہ جو متکفل اس کام کا ہے فوت ہو جائے گا۔ تو وہ لوگ جو ان کے جانشین ہونگے۔ ان کا بھی یہی فرض ہوگا۔ کہ ان تمام خدمات کو حسب ہدایت سلسلہ احمدیہ بجا لاویں۔ ان اموال میں سے ان یتیموں اور مسکینوں اور نومسلموں کا بھی حق ہوگا۔ جو کافی طور پر وجوہ معاش نہیں رکھتے۔ اور سلسلہ احمدیہ میں داخل ہیں۔ اور جائز ہوگا۔ کہ ان اموال کو بطور تجارت ترقی دیجائے یہ مت خیال کرو۔ کہ یہ صرف دور از قیاس باتیں ہیں بلکہ یہ اس قادر کا ارادہ ہے۔ جو زمین و آسمان کا بادشاہ ہے۔ مجھے اس بات کا غم نہیں۔ کہ یہ اموال کیونکر جمع ہونگے۔ اور ایسی جماعت کیونکر پیدا ہوگی۔ جو ایمانداری کے جوش سے یہ مردانہ کام دکھلائے۔ بلکہ مجھے یہ فکر ہے۔ کہ ہمارے زمانہ کے بعد وہ لوگ جن کے سپرد ایسے مال کئے جائیں۔ وہ کثرت مال کو دیکھکر ٹھوکر نہ کھاویں۔ اور دنیا سے پیار نہ کریں۔ سو میں دعا کرتا ہوں۔ کہ ایسے امین ہمیشہ اس سلسلہ کو ہاتھ آتے رہیں۔ جو خدا کے لئے کام کریں۔ ہاں جائز ہوگا۔ کہ جن کا کچھ گذارہ نہ ہو۔ ان کو بطور مدد خرچ اس میں سے دیا جائے"

## تیسری شرط

"تیسری شرط یہ ہے۔ کہ اس قبرستان میں دفن ہونے والا متقی ہو۔ اور محرمات سے پرہیز کرتا اور کوئی شرک اور بدعت کا کام نہ کرتا ہو۔ سچا اور صاف مسلمان ہو"

## چوتھی شرط

"ہر ایک صالح جو اس کی کوئی بھی جائداد نہیں اور کوئی مالی خدمت نہیں کر سکتا۔ کہ وہ دین کے لئے اپنی زندگی وقف رکھتا تھا۔ اور صالح تھا۔ تو وہ اس قبرستان میں داخل ہوسکتا ہے"

ان شرائط کے بعد بعض ہدایات بیان فرمائی ہیں۔ اور انہی کے ضمن میں حاشیہ پر یہ ارشاد فرمایا ہے:۔

"کوئی نادان اس قبرستان اور اس انتظام کو بدعت میں داخل نہ سمجھے۔ کیونکہ یہ انتظام حسب وحی الہی ہے۔ اور انسان کا اس میں دخل نہیں۔ اور کوئی یہ خیال نہ کرے۔ کہ صرف اس قبرستان میں داخل ہونے سے کوئی بہشتی کیونکر ہوسکتا ہے۔ کیونکہ یہ مطلب نہیں کہ یہ زمین کسی کو بہشتی کردیگی۔ بلکہ خدا کے کلام کا یہ مطلب ہے۔ کہ صرف بہشتی ہی اس میں دفن کیا جائے گا"

## ایک حدیث سے استدلال

ان شرائط کے سننے سے آپ کو یہ تو معلوم ہوگیا ہوگا۔ کہ یہ سب کچھ وحی الہی کے ماتحت ہوا ہے۔ اور یہ بھی آپ کو معلوم ہوگیا ہوگا۔ کہ یہ زمین کسی کو بہشتی نہیں بنائیگی۔ بلکہ اس میں دفن ہی وہ ہوگا جو بہشتی ہوگا۔ کیونکہ جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں۔ اس کی غرض یہ ہے۔ کہ

"خدا تعالے کا ارادہ ہے۔ کہ ایسے کامل الایمان ایک ہی جگہ دفن ہوں تا آئندہ کی نسلیں ایک ہی جگہ ان کو دیکھکر اپنا ایمان تازہ کریں۔ اور تا ان کے کارنامے یعنی جو خدا کیلئے انہوں نے دینی کام کئے ہمیشہ کیلئے قوم پر ظاہر ہوں" (رسالہ الوصیت)

505
Digitized by Khilafat Library Rabwah

اب میں آپ کو بتاتا ہوں۔ کہ یہ مقبرہ بہشتی گو اس وحی الٰہی کے ماتحت بنایا گیا ہے۔ اور اس پیشینگوئی کے مطابق بنایا گیا ہے۔ جو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے تیرہ سو سال پہلے سے کی ہوئی تھی۔ کہ مسیح موعود ان لوگوں کو جنتی ہونے کی بشارت دیگا۔ جو دجال کے فتنہ سے بچ گئے ہوں گے۔ مگر یہ اسی کا عملی نقشہ ہے۔ جو کہ سرور کائنات صلعم نے فرمایا تھا اور اس میں جنتی قرار دینے کا وہی طریق رکھا گیا ہے۔ جو کہ خاتم النبیین علیہ و علیہم الصلوٰۃ والسلام نے بتایا ہوا ہے چنانچہ صحیح مسلم جلد اول باب فیمن یثنی علیہ خیرا او شر من الموتیٰ میں یہ حدیث ہے :-

عن انس بن مالکؓ قال مر بجنازۃ فاثنی علیہ خیر فقال نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وجبت وجبت وجبت و مر بجنازۃ فاثنی علیہ شر۔ فقال نبی اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وجبت وجبت وجبت فقال عمر فداک ابی و امی مر بجنازۃ فاثنی علیہ خیر فقلت وجبت وجبت وجبت و مر بجنازۃ فاثنی علیہ شر فقلت وجبت وجبت وجبت فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اثنیتم علیہ خیرا وجبت لہ الجنۃ و من اثنیتم علیہ شرا وجبت لہ النار انتم شھداء اللہ فی الارض انتم شھداء اللہ فی الارض انتم شھداء اللہ فی الارض۔

اس میں نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق بتایا گیا ہے کہ ایک جنازہ آپ کے پاس سے گذرا۔ صحابہ نے اس کی تعریف کی۔ تو آپؐ نے فرمایا۔ وجبت وجبت وجبت۔ واجب ہوگئی۔ واجب ہوگئی۔ واجب ہوگئی۔ تین دفعہ دُہرایا۔ پھر ایک جنازہ گذرا۔ اور صحابہ نے اسکی مذمت کی۔ تو حضور نے اسپر بھی فرمایا۔ وجبت وجبت وجبت۔ تب حضرت عمرؓ نے عرض کی۔ جس کا مقصد یہ تھا۔ کہ جس کی تعریف کی گئی۔ اس کے لئے کیا واجب ہوا۔ اور جس کی مذمت کی گئی۔ اس کے لئے کیا واجب ہوا۔ اسپر حضورؐ نے بتایا۔ کہ جس کی تم نے بھلائی بیان کی۔ یعنی اس کے لئے اچھا اور متقی ہونے کی گواہی دی اس کے لئے جنت واجب اور لازم ہوگئی۔ اور جس کی تم نے بُرائی بیان کی۔ یعنی اس کے بُرا اور غیر متقی ہونے کی گواہی دی۔ اس کے لئے جہنم واجب اور لازم ہوگئی۔ اور پھر اسکی وجہ بیان فرماکر اس کو قاعدہ کلیّہ کی صورت میں ظاہر کیا۔ اور فرمایا (اس لئے کہ) تم زمین میں اللہ تعالیٰ کے گواہ ہو۔ اور پھر اسکی حقانیت کے تیقن کے اظہار اور تذبذب کے دب کے لئے تین دفعہ فرمایا۔ کہ تم زمین میں اللہ تعالیٰ کے گواہ ہو ؎

## مسیح موعود علیہ السلام کی مقررکردہ انجمن کی حیثیت

اسی حدیث کے مطابق حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے بھی ایک انجمن قائم کی اور اس انجمن کی شہادت رکھی یہ انجمن تحقیق کرتی ہے۔ کہ مرنے والا متقی ہے یا نہ۔ اور جب یہ شہادت دیتی ہے۔ کہ یہ متقی ہے۔ تو پھر اسے بہشتی مقبرہ میں دفن کیا جاتا ہے۔ اور اگر ان شرائط پر بھی غور کیا جائے جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مقرر فرمائی ہیں تو یہ بات اور بھی کھلے طور پر ثابت ہو جاتی ہے۔ کیونکہ یہ شرائط رکھی ہی اس لئے گئی ہیں۔ چنانچہ حضرت مسیح موعودؑ خود فرماتے ہیں :-

"خدا نے میرا دل اپنی وحی خفی سے اس طرف مائل کیا کہ ایسے قبرستان کے لئے ایسے شرائط لگا دیئے جائیں کہ وہی لوگ اس میں داخل ہوسکیں۔ جو اپنے صدق اور کامل راست بازی کی وجہ سے ان شرائط کے پابند ہوں"

پھر ضمیمہ الوصیت میں فرماتے ہیں :-

"ہم خود محسوس کرتے ہیں۔ کہ جو لوگ اس آلہی انتظام پر اطلاع پاکر بلا توقف اس فکر میں پڑے ہیں کہ دسواں حصہ کل جائداد کا خدا کی راہ میں دیں۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ اپنا جوش دکھلاتے ہیں۔ وہ اپنی ایمانداری پر مُہر لگا دیتے ہیں۔ ..... وہ ہر ایک زمانہ میں چاہتا رہا ہے۔ کہ خبیث اور طیّب میں فرق کرکے دکھلادے اس لئے اس نے اب بھی ایسا ہی کیا ..... اس وقت کے امتحان سے بھی اعلےٰ درجہ کے مخلص جنھوں نے درحقیقت دین کو دنیا پر مقدم کیا ہے۔ دوسرے لوگوں سے ممتاز ہو جائیں گے۔ اور ثابت ہو جائیگا۔ کہ بیعت کا اقرار انہوں نے سچا کرکے دکھلا دیا ہے۔ اور اپنا صدق ظاہر کردیا ہے"

پس پہلے تو اس شرط کا پورا کرنا ہی اس کے اتقاء کی کافی دلیل اور شہادت تھا۔ مگر سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اسی پر اکتفا نہیں کی۔ بلکہ ضمیمہ کے صہ پر فرماتے ہیں :-

"یاد رہے کہ صرف یہ کافی نہ ہوگا کہ جائداد منقولہ اور غیر منقولہ کا دسواں حصہ دیا جائے۔ بلکہ ضروری ہوگا کہ ایسا وصیت کرنے والا جہاں تک اس کے لئے ممکن ہے۔ پابند احکام اسلام ہو۔ اور تقویٰ اور طہارت کے امور میں کوشش کرنیوالا ہو۔ اور مسلمان خدا کو ایک جاننے والا اور اس کے رسول پر سچا ایمان لانیوالا ہو۔ اور نیز حقوق عباد غصب کرنیوالا نہ ہو"

پھر ان شرائط کی جانچ پڑتال اور نگرانی کسی شخص واحد کے سُپرد نہیں کی۔ بلکہ ایک انجمن کے سپرد کی ہے۔ جس کا نام انجمن کارپرداز مصالح قبرستان ہے۔ پھر انجمن بھی کوئی معمولی انجمن نہیں۔ بلکہ وہ ہے۔ جس کی نسبت خود خدا کے برگزیدہ مسیح موعودؑ نے لکھا ہے۔

"چونکہ انجمن خدا کے مقرر کردہ خلیفہ کی جانشین ہے۔ اس لئے اس انجمن کو دنیاداری کے رنگوں سے بکلی پاک رہنا ہوگا۔ اور اس کے تمام معاملات نہایت صاف انصاف پر مبنی ہونے چاہئیں"

پھر فرمایا :-

"انجمن میں کم سے کم ہمیشہ دو ممبر ایسے چاہیئے۔ جو علم قرآن اور حدیث سے بخوبی واقف ہوں۔ اور تحصیل علم عربی رکھتے ہوں۔ اور سلسلہ احمدیہ کی کتابوں کو یاد رکھتے ہوں"

پس انتم شھداء اللہ فی الارض (الحدیث) کے مطابق جب انجمن جو خدا کے مقرر کردہ خلیفہ کی جانشین ہے۔ اس موصی کے نیک۔ متقی۔ راست باز ہونے کی شہادت مکمل کرکے اس کی وصیت کو منظور کرتی ہے۔ تو ان شھداء اللہ کی شہادت پر خداوند تعالیٰ کی طرف سے وجبت لہ الجنۃ کا حکم ثبت ہو جاتا ہے۔ جس کو ڈاکٹر بشارت احمدؐ یا کوئی اور غیر مبایع تو کیا کوئی بھی انسان بدل نہیں سکتا ہے۔

## پیغام صلح میں رسالہ الوصیت کی تردید

۲۸ نومبر کے پیغام صلح میں ڈاکٹر بشارت احمدؐ کا ایک مضمون مقبرہ بہشتی کے متعلق شائع ہوا ہے وہ لکھتے ہیں۔ کہ حضرت صاحب کو ایک مقبرہ بتایا گیا۔ اور اس کا نام بہشتی مقبرہ رکھا گیا۔ مگر ظاہر ہے۔ کہ اس سے وہ عالی مقام مراد تھا۔ جو کہ آپ کی جماعت کے برگزیدہ لوگوں کے لئے مقدر تھا۔ مگر حضرت صاحب کو غلطی لگی۔ اور یہ ظاہر مُراد نہ سمجھ سکے۔ اور اس کی بجائے دو کنال زمین کے ٹکڑہ کو مقبرہ بہشتی سمجھ لیا۔ اور اسپر مجاور مقرر کرکے ان کے قبضہ میں کردیا کہ جس کو وہ اجازت دیں۔ وہ اس میں دفن ہو۔ اور پھر سیدھا بہشت میں چلا جائے۔ پھر ڈاکٹر صاحب مذکور نے بتایا ہے کہ حضرت صاحب سے یہ بہت بڑی غلطی ہوئی ہے۔ کیونکہ جب مجاوروں کی اجازت سے لوگ سیدھے جنت میں جائیں گے تو پھر سوال وجواب اور حساب اور وزن اعمال وغیرہ جن کا ذکر قرآن و حدیث میں آیا ہے۔ ان سب سے بچ گئے۔ جس سے لازم آتا ہے۔ کہ خدا کی صفت مالك يوم الدين۔ جو کہ ام الصفات ہے۔ ان مجاوروں کو مل گئی۔ اور اسی طرح اور بہت سی صفات باطل ہو جائینگی۔

پھر وہ کہتے ہیں :- حضرت صاحب نے یہ سب کچھ کیا بھی!

Digitized by Khilafat Library Rabwah


(اشتہارات)

# چند عجیب و غریب اشیاء

## آگ جلانے کی مشین

اس مشین سے کئی کام لئے جاسکتے ہیں۔ مثلاً بلا مدد دیاسلائی آگ جلانا۔ سگرٹ جلانا وغیرہ وغیرہ۔ قیمت فی مشین صرف ایک روپیہ آٹھ آنہ۔ علاوہ محصولڈاک +

## جیبی چھاپہ خانہ یا مہر گھر

یہ انگریزی کا جیبی چھاپہ خانہ قابل تعریف ہے۔ اس سے لفافہ۔ ملاقاتی کارڈ اور ہر زمین جو دل چاہے چھاپ سکتے ہیں۔ قابل خرید ہے۔ قیمت فی چھاپہ خانہ صرف دو روپیہ۔ علاوہ خرچ ڈاک +

## ہینڈ کیمرہ

یہ کیمرہ خاص طور پر جرمنی سے تیار کروایا گیا ہے انسان۔ جانور۔ درخت مکان۔ گرجا۔ مسجد۔ مندر۔ اور ریل وغیرہ چلتے پھرتے اور بیٹھے ہوئے کا خوبصورت اور دلپسند فوٹو اتارنے کے لئے کم از کم ایک ضرور منگائیں قیمت چھوٹا سائز پانچ روپیہ۔ بڑا سائز صرف دس روپیہ علاوہ خرچ ڈاک +

## کشیدہ کاڑھنے کی مشین

لڑکیاں اس سے کرسیوں کی گدیاں سرہانوں کے غلاف۔ غالیچے۔ شال۔ چادریں دوپٹے۔ سوٹ وغیرہ وغیرہ۔ غرضیکہ کئی قسم کے گرم سرد اور ریشمی کپڑوں پر۔ اون۔ سوت اور ریشم کے پھول اور گلکاریاں بنا سکتی ہیں۔ ترکیب نہایت آسان ہے۔ غریب لڑکیوں کے لئے روزگار۔ اور امیروں کے لئے ایک اعلےٰ تحفہ ہے۔ قیمت فی مشین صرف چار روپیہ علاوہ خرچ ڈاک +

## دولت کی کان

اس کتاب میں تقریباً ۵۰۰ ایسے ہنر درج ہیں۔ جن میں سے ایک پر بھی عمل کرنے سے انسان مالا مال ہو سکتا ہے۔ زیادہ تعریف فضول۔ کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ قیمت فی جلد ایکروپیہ آٹھ آنہ۔ (عہ) +

علاوہ خرچ ڈاک +

## مینیجر رکماس اینڈ کمپنی پوسٹ بکس نمبر ۹۹ لاہور

## حب اٹھرا

(۱) جن عورتوں کے حمل گر جاتے ہوں (۲) جن کے بچے پیدا ہو کر مر جاتے ہوں (۳) جن کے ہاں اکثر لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں۔ (۴) جن کے گھر اسقاط کی عادت ہوگئی ہو (۵) جن کے بانجھ پن کمزوری رحم سے ہو۔ (۶) جن کے بچے کمزور بدصورت پیدا ہوتے ہوں۔ اور کمزور ہی رہتے ہوں ان کے لئے ان گودبھری گولیوں کا استعمال اشد ضروری ہے۔ فی تولہ عہ۔ تین تولہ کے لئے محصولڈاک معاف چھ تولہ تک خاص رعایت +

## سرمہ نور العین

اس کے اعلےٰ اجزاء موتی و ماہیرا ہیں۔ اور یہ ان امراض کا مجرب علاج ہے۔ آنکھوں کی روشنی بڑھانے والا۔ دھند غبار جالا۔ ککرے۔ خارش۔ ناخونہ۔ پھولا۔ ضعف چشم۔ پڑوال کا دشمن ہے۔ موتیا بند کو دور کرتا ہے۔ آنکھوں کے لیدار پانی کے روکنے میں بے مثل ہے۔ پلکوں کی سرخی اور موٹائی دور کرنے میں بے نظیر تحفہ ہے۔ گلی سڑی پلکوں کو تندرستی دینا۔ پلکوں کے گرے ہوئے بال از سر نو پیدا کرنا اور زیبائش دینا خدا کے فضل سے اس پر ختم ہے۔ قیمت فی تولہ دو روپے (عہ)

## مفرح عروس زندگی

معدہ کے تمام نقصوں کو دور کرنے والی۔ مقوی دماغ۔ محافظ روشنی چشم۔ نسیان کی دشمن۔ جگر کو طاقت دینے والی۔ جوڑوں کے درد و نقرس کے درد۔ سینہ کو مضبوط بنانے والی۔ مقوی اعضاء رئیسہ دوائی ہے۔ اس کا روزانہ استعمال صحت کا بیمہ ہے۔ قیمت فی ڈبیہ عہ +

## مقوی دانت منجن

منہ کی بدبو دور کرتا ہے۔ دانتوں کی جڑیں کیسی ہی کمزور ہوں دانت ہلتے ہوں۔ گوشت خورہ سے تنگ آ گئے ہوں۔ دانتوں سے خون آتا ہو۔ یا پیپ آتی ہو۔ دانتوں میں میل جمتی ہے۔ اور زرد رنگ رہتے ہوں۔ اور منہ میں پانی آتا ہو۔ اس منجن کے استعمال سے یہ سب نقص دور ہو جاتے ہیں۔ اور دانت موتی کی طرح چمکتے ہیں۔ اور منہ خوشبودار رہتا ہے۔ قیمت فی شیشی بارہ آنہ +

المشتہر

## نظام جان عبد اللہ جان معین الصحت قادیان

## بی۔ اے پاس کرو یا بیل چکی خرید و



آٹا فی گھنٹہ ۲۰ سیر پختہ پیس جاتا ہے۔ دانہ فی گھنٹہ چار من دلا جاتا ہے طاقتور ایک ورنہ دو بیل چلا سکتے ہیں۔ وزن مشین ۸ من پختہ ہوگا۔ نرخ فی من بارہ روپیہ۔ مبلغ پچاس روپیہ بیانہ آنے پر پال روانہ کیا جاتا ہے +

میاں مولا بخش اینڈ سنز بٹالہ پنجاب

اخبار کا حوالہ ضرور دیں

## مشین والی سیویاں

ہمارے کارخانہ میں مشین سیویاں نہایت عمدہ مضبوط اور ارزاں تیار ہوتی ہے۔ ہر مشین میں دو چھلنی باریک و موٹی ہونگی نرخنامہ قیمت قطر چھلنی ۲½ فی عدد للعہ فی درجن ۸ ۔ قطر چھلنی ۲ فی عدد ۱۲ فی درجن ۔ قطر چھلنی ۲ فی عدد عہ فی درجن ۳ ۔ قطر چھلنی ۲ فی عدد عہ فی درجن ۲۱ علاوہ محصولڈاک وغیرہ +

مینیجر احمد اینڈ کمپنی پوسٹ کوٹلی لوہاراں ضلع سیالکوٹ پنجاب

Digitized by Khilafat Library Rabwah

( اشتہارات )

کارخانہ امرت دہارا کی سلور جوبلی کی خوشی میں ۳۱ مئی ۱۹۲۶ء تک امرت دہارا ۳/۴ قیمت پر اور باقی ادویات و کتب نصف قیمت پر ملتی ہیں۔ اس حساب سے امرت دہارا اڑھائی روپیہ والی ۱۲/۱۴ میں۔ سوا روپیہ والی ۱۵/ میں اور آٹھ آنہ والی ۶/ میں بک رہی ہے اور صابن بجائے ۱۴/ کے ۱۰/ میں اور ٹکیاں بجائے ۴/ کے ۳/ میں ملتی ہیں مفصل فہرست آپکے پاس نہیں تو جلدی منگوالیں!

خط و کتابت و تار کیلئے پتہ :- امرت دہارا لاہور

# کان

کان کی تمام بیماریوں۔ بہٹ بہرہ پن۔ کم سننے۔ آوازیں ہونے درد زخم۔ ورم خشکی۔ پردوں کی کمزوری۔ بچوں بڑوں کے کان بہنے نزلہ وغیرہ پر وہ طبیب اینڈ سنز پیلی بھیت کا روغن کرامات وہ شرطیہ دوا ہے۔ جس پر انگریزی ڈاکٹر شو ہیں۔ بیس سال تک کے بیمار اصلی صحت پا چکے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ) اعتبار نہ ہو۔ تب یہاں تشریف لا کر علاج کرلیجئے۔ دمہ اور مرگی کا بھی شرطیہ علاج کیا جاتا ہے۔ دھوکہ بازوں سے ہوشیار ہو کر عقل سے کام لیں۔ اپنا پتہ صاف لکھیے۔ ہمارا پتہ یہ ہے :-

بہرہ پن کی دوا طبیب اینڈ سنز پیلی بھیت یوپی

# بندوق

۱۲ بور ڈبل بیرل بریچ لوڈ گھوڑے والی ۹۳/ ہمرنس ماعـ۱۱/ کارتوس ایلی اسموکلس ڈائمنڈ فیصدی ۱۲/ عـ۱۲/ فی ہزار ماعـ۱۱/۔ فہرست مفت۔

رائل پانیر آرمس کمپنی میرٹھ

# پانصد روپیہ نقد لیجیے

یہ امر تو اب اظہر من الشمس ہو چکا ہے۔ کہ ہمارا ساختہ موتی سرمہ ضعف بصر۔ ککرے۔ خارش چشم جلن۔ پھولا۔ جالا۔ پانی بہنا۔ دھند غبار۔ گوہانجنی۔ دہوند۔ ناخونہ۔ موتیا بند۔ غرضیکہ جملہ امراض چشم کے لئے اکسیر ہے۔ قیمت فی تولہ دو روپے آٹھ آنہ +

انسپکٹر پولیس کی شہادت :- جناب سید محی الدین احمد صاحب انسپکٹر حلقہ اوری سے لکھتے ہیں۔ کہ آپ کا تیار کردہ سرمہ واقعی بہت عمدہ ہے آنکھوں کی میل نکالنے اور صاف رکھنے میں اس سے عمدہ دوسرا سرمہ ہو گا دکھتی اور گندی آنکھوں میں اس کا استعمال کرایا گیا۔ فوراً فائدہ ہوا اس شہادت کو جعلی ثابت کرنیوالے کو پانصد روپیہ نقد ملے گا۔ المشتہر

مینجر نور اینڈ سنز نور بلڈنگ قادیان ضلع گورداسپور پنجاب

# اکسیر تسہیل ولادت کے متعلق ضروری اطلاع

اکسیر تسہیل ولادت کے مفید ہونیکا یہ کافی ثبوت ہے۔ کہ مقامی علاقہ میں بھی اس کی مانگ اس قدر زیادہ ہے۔ کہ بیرونی فرمائشوں کی تعمیل کے لئے وقت نکالنا ہمارے لئے مشکل ہے۔ لیکن چونکہ اس کی مانگ دن بدن بڑھ رہی ہے ہمیں اس کا الگ دفتر مقرر کرنا پڑیگا۔ جس سے اسکے ترسیلی اخراجات بڑھ جائینگے اور ہمیں اسکی قیمت میں اضافہ کرنا پڑیگا۔ جو دوست منگانا چاہیں قیمت بڑھنے سے پہلے فوراً منگالیں۔ ابھی اس کی وہی سابقہ قیمت صرف دو روپے معہ محصولڈاک ہے +

مینجر شفاخانہ دلپذیر پسلانوالی ضلع سرگودہا

# خاص خبر



پرحسب کلاہ زربفت و جوڑ جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے فی کلاہ ڈیڑھ روپیہ ریشمی رومال مختلف رنگوں کے مفید بڑے تین روپے ریشمی آزار بند زردار مختلف رنگوں کے فیمید جوڑا تین روپے چار جانماز پھولدار خمیدہ ڈیڑھ روپیہ ریشمی مخمل جھنی لنگوٹی بنفشی رنگین فی جوڑا ایک روپیہ بارہ آنہ ریشمی ملتانی فیمید جوڑا تین روپے ریشمی شہدی لونگی رنگ سیاہ کنارے نہایت ہی خوبصورت اور عمدہ چھ گز لمبی فی لونگی چار روپے دو آنہ لونگی سوتی چینی سات گز لمبی فی لونگی تین روپے ریشمی بنارسی صافہ زردار سات گز لمبا فی صافہ سات روپے۔ تولیہ پورے رنگ کا امیرانہ وضع کا نہایت ہی اعلیٰ درجہ کا فی تولیہ تین روپے

ملنے کا پتہ مینجر سودیشی کمشن ایجنٹ جارک کمپنی لودہیانہ پنجاب

نسیٹ منسیا

# دردسر کی بے خطا دوائی

## ٹکیہ کھاتے ہی دردسر غائب

قیمت فی بکس (۲۴ خوراک) ایک روپیہ چار بکس تین روپے فی ٹکیہ ایک آنہ محصولڈاک وغیرہ ایک بکس سے لیکر چار بکسوں تک چھ آنہ ۶/ +

پتہ :- حکیم حاذق علم الدین سند یافتہ پنجاب یونیورسٹی قلعہ سٹریٹ امرتسر

# ماہ رمضان میں

جس قدر ہمارے آلارم ٹائم پیس فروخت ہوتے ہیں۔ شائد سال بھر میں کسی کے نہیں ہوتے ہونگے۔ وجہ یہ ہے۔ کہ ہماری ایجنسی مضبوط اور بالکل صحیح وقت دینے والی پائدار گھڑیاں کلارک اور آلارم ٹائم پیس منگوانے اور سستی فروخت کرنے میں مشہور ہے +

۱- آلارم ٹائم پیس قسم بڑھیا۔ ریڈیم جو رات کے وقت بغیر روشنی کے وقت بتلاتا ہے۔ قیمت عـ۱۱/

۲- آلارم ٹائم پیس بغیر ریڈیم قیمت ۵/

۳- آلارم ٹائم پیس مقبول عام قیمت ۶/

۴- جیبی گھڑی سکینڈ کی سوئی والی قیمت ۳/

۵- چوڑیدار نہایت فیشنی سنہری گھڑی۔ جو مستورات نے بہت پسند فرمائی ہے۔ قیمت ۸/

۶- رسٹ واچ سنہری بڑھیا۔ جو مرد اور عورتیں دونو استعمال کر سکتے ہیں +

پتہ

مفید عالم ایجنسی نمبر ۹ لودھیانہ پنجاب

# آگ جلانے کی جیبی مشین

اس مشین سے کئی کام لئے جاسکتے ہیں۔ مثلاً بلا ہمد دیا سلائی انگیٹھی جلانا لیمپ جلانا وغیرہ وغیرہ۔ اتنی مضبوط ہے۔ کہ برسوں کام دیتی ہے ہر شخص کے لئے نہایت مفید چیز ہے۔ کیونکہ جیب میں رکھی جاسکتی ہے۔ قیمت صرف دو روپیہ آٹھ آنہ ہے۔ فوراً حوالہ اخبار دیکر طلب کریں +

( دی ایلائیڈ سپلائنگ کمپنی لودیانہ پنجاب )

508

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اشتہارات

## تریاق چشم رجسٹرڈ کی تصدیق

نقل ترجمہ انگریزی سارٹیفکیٹ صاحب سول سرجن بہادر کیمبل پور۔ میں تصدیق کرتا ہوں۔ کہ میں نے تریاق چشم جسے مرزا حاکم بیگ صاحب نے تیار کیا ہے۔ استعمال کیا ہے۔ میں نے گوجرات او رجالندھر میں اپنے ماتحتوں (یعنی ڈاکٹروں) اور دوستوں میں بھی تقسیم کیا ہے۔ میں نے سفوف مذکور کو آنکھوں کی بیماریوں بالخصوص ککروں میں نہایت مفید پایا جیسا کہ دیگر سارٹیفکیٹوں سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔ دستخط صاحب سول سرجن"

نوٹ:۔ قیمت پانچ روپے (للعہ) تریاق چشم رجسٹرڈ علاوہ محصولڈاک موازی ۸ ر بذمہ خریدار ہوگا۔

المشتہر

خاکسار میرزا حاکم بیگ احمدی موجد تریاق چشم رجسٹرڈ گوجھی شاہدولہ صاحب گجرات پنجاب

## اہل مغرب کی نئی نئی ایجادیں

(۱)

## نرمادہ دیکھنے کا آلہ

یہ جرمنی کی بالکل نئی ایجاد ہے جس کے ذریعہ آپ معلوم کرسکتے ہیں۔ کہ لڑکا ہے یا لڑکی۔ انڈے میں نر ہے یا مادہ وغیرہ وغیرہ نہایت عجیب چیز ہے۔ قیمت فی آلہ دو روپیہ۔ محصولڈاک ۶ ر؁

## ناخن کاٹنے والی مشین

پردہ دار عورتوں کے لئے جو غیر کو دیکھنا پسند نہیں کرتیں۔ بلا تکلیف کے اپنے ناخن آپ کاٹ لیں۔ اس سے بچوں کے ناخن بھی باآسانی کاٹے جاسکتے ہیں۔ ہر شخص اپنے ناخن آپ کاٹ سکتا ہے۔ اور نہایت آسانی سے۔ قیمت فی مشین صرف عہ؍ ایک روپیہ چار آنہ۔ محصولڈاک ۶ ر؁

## سفری گھریلو چولھا

یہ ولایت کی کاریگری کا نمونہ ہے۔ اس میں کوئلہ لکڑی وغیرہ جلائی نہیں جاتی۔ بلکہ سپرٹ سے ہی ایک منٹ میں ہر ایک چیز پک جاتی ہے۔ اس پر چھوٹا اور بڑا برتن سب آسکتا ہے۔ اور سفر کیلئے بھی نہایت مفید چیز ہے۔ اور یہ کبھی خراب نہیں ہوتا قیمت فی چولھا للعہ؍ تین روپے آٹھ آنہ محصولڈاک ۸ ر؁

## بجلی کا پاکٹ لیمپ

صرف بٹن دبانے سے چاند چڑھ جاتا ہے۔ اس کو جیب میں بھی رکھ لو۔ دیا سلائی کی ضرورت نہیں۔ مکمل لیمپ عہ؍ دو روپیہ چار آنہ۔ محصولڈاک ۶ ر؁

المشتہر

مینیجر یو۔ اومر اینڈ کو (انڈیا آفس) نسبت روڈ لاہور

## رجسٹرڈ

## قوت کی لاثانی بے نظیر دوائی

جو بوڑھوں جوانوں بچوں کے لئے یکساں مفید ہے۔ بکثرت خون صالح پیدا کر کے اعضاء رئیسہ کو قوت بخشتی ہے۔ مفرح قلب ہے۔ اعصابی امراض کے لئے نعمت غیر مترقبہ عورتوں کے لئے خاص امراض کا مؤثر و مجرب علاج۔ محافظ حمل و دافع مرض اٹھرا۔ پیدائشی کمزوریوں کیلئے موجب توانائی۔ تندرستوں کے لئے محافظ صحت۔ جلد منگوایئے فی شیشی مکمل علاج۔ خوراک ایک ماہ عہ؍

ایس۔ اے حکیم احمدی سنجولی پوسٹ آفس شملہ

## نارتھ ویسٹرن ریلوے نوٹس

کانگڑہ ویلی ریل پر چھکڑوں اور باربرداری کے جانوروں کے ذریعہ سے سامان پہنچانے کے لئے ٹینڈر طلب کئے جاتے ہیں۔ مابین پٹھانکوٹ اور نشنان کے اور ان دونو مقامات کے درمیان جو واقع ہونے والے مقامات ہیں۔ مطلوبہ کام کی تفاصیل اور شرائط اور ٹینڈر کی فارمیں ایک روپیہ میں آنے پر مشتہر کی طرف سے مہیا کی جائیں گی۔ اور یہ فیس واپس نہیں کی جائے گی۔ ٹینڈرز ۲۱ اپریل کے بارھویں گھنٹے پر کھولے جائیں گے۔ مشتہر اس بات کا پابند نہیں۔ کہ وہ سب سے کم قیمت کا ٹینڈر یا کوئی خاص ٹینڈر قبول کرے۔ یا یہ کہ وہ دو یا دو سے زیادہ ٹینڈر بھیجنے والوں کے درمیان تقسیم کردے۔

مغل پورہ ۷ اپریل ۱۹۲۶ء

الیف۔ آر۔ یار گن ڈپٹی چیف انجنیر محکمہ تعمیرات۔ این ڈبلیو۔ ریلوے

## آنکھ کی بے نظیر دوائی

خدا کے فضل سے آنکھ کی ہر مرض کے لئے مفید ہے۔ امتحان شرط ہے۔ قیمت فی تولہ ایک روپیہ۔ نمونہ کا پیکٹ ایک آنہ محصولڈاک بذمہ خریدار

محمد احمد اینڈ کمپنی قادیان

## الخطبہ

کنواری۔ قدرے خواندہ احمدی لڑکی کے لئے رشتہ کی ضرورت ہے۔ نوجوان برسر روزگار احمدی صاحب ہو۔ درخواست کنندہ عمر میں بیس پچیس سالہ کسی اعلیٰ خاندان سے ہو۔ قریشی خاندان کو اور خاص کر پنجاب کے علاقہ مثلاً گجرات۔ گوجرانوالہ۔ لاہور۔ امرتسر وغیرہ اضلاع کو ترجیح دیجائیگی۔ درخواست معرفت محبوب عالم صاحب ایڈیٹر

## مشینری اور آہنی سامان

بٹالہ کی مشہور و معروف چارہ کترنے کی مشینیں آہنی رہٹ دہلٹ م زراعتی فارم کے نمونہ کے آہنی ہل۔ خراس۔ بیلنے جات چاول۔ سیویاں اور بادام روغن کی مشینیں وغیرہ منگانے کے لئے ہماری باتصویر فہرست مفت طلب فرمایئے۔

ایم۔ عبدالرشید اینڈ سنز۔ جنرل سپلائرز۔ احمدیہ بلڈنگ۔ بٹالہ۔ ضلع گورداسپور

اشتہار زیر آرڈر ۵ رول ۲۰ ضابطہ

بعدالت جناب شیخ محمد حسین صاحب سب جج درجہ چہارم راولپنڈی

بھاگل ولد موتی رام زرگر ساکن شہر راولپنڈی۔ مدعی

بنام

فتح خاں ولد امیر خاں ذات دھوند ساکن نگری ضلع ہزارہ حال وارد کوہ مری متصل بکر مارکیٹ کوہ مری

۵۰۰ | -

ہرگاہ مدعا علیہ مقدمہ ہذا حاضری عدالت سے عمداً گریز کر رہا ہے۔ اور تعمیل سمن اپنے اوپر نہیں ہونے دیتا ہے۔ اب تاریخ پیشی مقدمہ ۱۳ ۵/۲۶ مقرر ہے۔ لہذا زیر آرڈر ۵ رول ۲۰ ضابطہ دیوانی بذریعہ اخبار ہذا مشتہر کیا جاتا ہے۔ کہ اگر مدعا علیہ مذکورہ بالا ۱۳ ۵/۲۶ آئندہ تاریخ پیشی پر برائے جوابدہی مقدمہ بالا اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا نہ ہوگا۔ تو اس کے برخلاف کارروائی یکطرفہ کی جائیگی۔

آج بتاریخ ۸ اپریل ۱۹۲۶ء بہ ثبت مہر عدالت و دستخط ہمارے جاری کیا گیا۔

مہر عدالت — دستخط حاکم

## مکان قابل فروخت

ایک مکان پختہ آٹھ مرلہ (مرلہ = ۲۲۵ مربع فٹ) زمین میں واقع محلہ دار الفضل بر لب سڑک متصل ہائی سکول ہر دو جانب راستے ڈیوڑھی۔ کل مکان پختہ نو تعمیر خشت و لکڑی عمدہ۔ بسبب ضرورت مالک اصلی لاگت ڈھائی ہزار روپیہ فروخت کرتا ہے۔ یا نصف قیمت پر رہن باقبضہ۔ موقع کے لحاظ سے بہت عمدہ ہے۔ جن اصحاب کو خرید منظور ہو۔ مجھ سے خط و کتابت کریں۔

(صاحبزادہ) مرزا بشیر احمد قادیان ضلع گورداسپور

الفضل سلسلہ احمدیہ کا آرگن اشتہار کے لئے بہترین ذریعہ ہے

(مینیجر الفضل)

(اشتہارات کی صحت کے ذمہ دار خود مشتہر ہیں نہ الفضل) (ایڈیٹر)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# ممالک غیر کی خبریں

——— قسطنطنیہ ۳ ۱ - اپریل - محفل ہائے رقص کی مہلک کشش کے خلاف اخبارات نے جو پروپاگنڈا شروع کر رکھا تھا اس کا نتیجہ یہ ہُوا ہے - کہ حکومت ترکی نے ایک اعلان شائع کر کے ۱۸ سال سے کم عمر کے ترکوں کو بلا لحاظ تذکیر و تانیث محفل ہائے رقص میں شریک ہونے کی ممانعت کر دی ہے +

——— قاہرہ - ۵ اراپریل - مقام طنطاہ میں اس قدر زبردست آگ لگی - کہ ۲۴ گھنٹہ کامل بھڑکتی رہی - چار ہزار آدمی خانماں برباد ہوئے - اور ۲۲ آدمی جل کر مر گئے - ۶۱۲ گھر راکھ کا ڈھیر ہو گئے +

——— بغداد ۶ راپریل - آج صبح برطانوی مسلح موٹریں اور ہوائی جہاز عراق و شام کی سرحد پر مصروف کار تھے - کیونکہ شامیوں اور عربی قبائل نے ان عراقی قبائل پر حملہ کیا تھا - جو سرحد کی چوکیوں کی حفاظت کر رہے تھے - مخالفین جن کی تعداد دو ہزار تھی - سرحد کو عبور کر کے حملہ کیا تھا - مسلح موٹروں نے مخالفین کو سخت نقصان پہنچائے - جب ہوائی جہازات موقعہ پر پہونچے - تو وہ لوگ ۵۴ لاشیں چھوڑ کر بھاگ گئے - ان کے زخمیوں کی تعداد معلوم نہیں ہے - لڑائی شروع کرنے سے پہلے برطانوی افسروں کو ہدایات ملی تھیں - کہ قبائل عراق کو جو شیخ عاجل کی سرکردگی میں تھے - جنگ کی ابتدا کرنے سے روکیں - اور سرحد کے پار دشمن کا تعاقب کرنے سے بھی باز رہیں +

——— لنڈن ۸ راپریل - اخبار ٹائمس کا نامہ نگار متعین روما لکھتا ہے - کہ ہوائی جہاز کے ذریعہ سے جینوا اور پلرمو کے درمیان مسافروں کی آمد و رفت کو مقبول عام کرنے کیلئے سینیور مسولینی نے اعلان کیا ہے - کہ دو ماہ تک ہر شخص مفت سفر کر سکتا ہے +

——— برلن - ۲ راپریل - ۶ روز تک متواتر جرمنی حکام سے جھگڑا کرنے کے بعد برلن میں ہندوستانی طلباء نے آخرکار مسٹر ریامیک پاٹھک کی لاش کو جلانے کی اجازت حاصل کر لی - جو ۵ ار مارچ کو سلیشیا میں ریتین پہاڑ پر برف کے اثر سے مر گئے تھے - جرمنی حکام کو لاش کے جلانے پر اس لئے اعتراض تھا - کہ متوفی نے اس قسم کی کوئی وصیت نہیں چھوڑی تھی - کہ اس کی لاش جلائی جائے - اور قوانین جرمنی کے لحاظ سے یہ ضروری ہے +

——— اخبار وادی النیل رقمطراز ہے - کہ مقامات جلود اور تمین میں سوڈانیوں کی ایک جماعت نے جس میں ایک ہزار سے زیادہ آدمی تھے سرکاری فوجوں سے جنگ کی - ۸ رفروری سے ۲۲ رفروری تک سرکاری طیارے سوڈانیوں پر گولے برساتے رہے - ۵۰ عورتوں اور چند مردوں نے اطاعت کر لی - لیکن بقیہ لوگ ابھی تک مزاحمت کر رہے ہیں ۱۱ رفروری کو سرکاری فوجوں نے سوڈانیوں کو سخت نقصان پہونچایا - جن میں ۶۵ سوڈانی شہید اور ۲۰۰ مجروح ہو گئے -

——— روما ۷ راپریل - جس وقت سینیور مسولینی جراحی کی بین الاقوامی کانفرنس سے واپس آ رہے تھے - تو ایک معمر عورت نے ان پر ریوالور چلایا - لیکن سوائے اس کے کہ ان کی ناک پر خفیف سی چوٹ آئی، گولی خالی گئی - مسولینی کے چہرہ پر کسی قسم کا جوش نہ تھا - اور انہوں نے اس قسم کی ہدایات دیں - کہ کوئی نقص امن نہ ہونے پائے - لوگوں کے کثیر مجمع میں سے بڑی مشکلوں سے عورت کو گرفتار کیا جا سکا اور اب وہ قید ہے +

——— نیویارک - ۷ راپریل - کیلی فورنیا کے شہر سین لوئس اوبسپو میں یونین آئل کمپنی کے حوضوں پر بجلی گرنے سے تین کروڑ روپے کا تیل تباہ ہو گیا - امریکہ کی حرفت کی تاریخ میں یہ سب سے بڑا مصیبت ناک حادثہ ہُوا ہے -

۸ راپریل - بدھ کی شب تک آگ کا زور نہیں گھٹا تھا - اس شب میں بھی ۵ ۳ لاکھ پیپے جل رہے تھے - اس آگ سے جو دھوئیں کے بادل اٹھ رہے تھے - انکی وجہ سے ہمسائیوں کو گھر چھوڑنے پڑے +

——— لنڈن ۹ راپریل - گذشتہ شب میں سالونیکا میں فساد ہو جانے کی وجہ سے سارے ملک کی بحری و بری فوجوں کو تار کے ذریعہ احکامات بھیجے گئے - اتنے میں جو فوجیں تھیں انہیں فوراً سالونیکا بذریعہ ریل روانہ کیا گیا - ان کے علاوہ دوسری فوجوں کو بھی تیار رہنے کا حکم دیا گیا - کہ اگر ضرورت ہو - تو باغیوں پر گولہ باری شروع کر دیں - آج صبح کو پونے گیارہ بجے باغیوں نے ہتھیار ڈال دیئے - اور ان کے سرگروہ کو کورٹ مارشل کے لئے ایتھنز بھیج دیا گیا -

ایک کمیونک مظہر ہے - کہ باغیوں کی تعداد چار سو سے زیادہ نہیں ہے - ایک افسر کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ اس نے یہ کہا ہے - کہ بغاوت حکومت کے خلاف نہیں تھی بلکہ سالونیکا میں فوج کے افسروں کے خلاف تھی -

——— بغداد ۹ راپریل - شہر سے تقریباً ایک میل کے فاصلہ پر قصر شاہی کے بالکل قریب دریائے دجلہ کے بائیں کنارے میں شگاف ہو جانے کی وجہ سے بغداد سخت خطرہ میں مبتلا ہو گیا ہے - تین سال کی بات ہے - کہ دریائے دجلہ کا پانی اس قدر چڑھ گیا تھا - کہ گذشتہ زمانہ میں کبھی اتنا نہیں چڑھا تھا - اس وقت قریباً پانسو مربع میل قطعات زیر آب ہو گئے تھے - اس وقت بھی حالت ویسی ہی ہے +

طغیانی سب سے پہلے قصر شاہی میں نمودار ہوئی امیر فیصل کو (جو شہر سے سینکڑوں میل دور فاصلے پر اپنے روئی کے کھیت ملاحظہ کرنے میں مصروف تھے -) تار دیا گیا - کہ وہ واپس پہنچ جائیں - شاہی خواتین کو بڑی جلدی نوری پاشا وزیر جنگ کے مکان پر پہنچا دیا گیا - قصر شاہی کے باغات و نخلستان تباہ و برباد ہو گئے +

بغداد - ۱۰ راپریل - پانچ ہزار آدمیوں نے بڑی جانکاہ محنت کے بعد بغداد کو غیر متوقع طوفان کی تباہ کاریوں سے مامون و مصئون کر لیا ہے - شہر دو میل لمبے بند سے محفوظ کیا گیا ہے - بغداد کے شمال اور مشرق میں جو صحرا ہے - اس میں طوفان بڑھتا چلا آ رہا ہے - خطرہ ہے - کہ اس سیلاب سے پشتے تباہ ہو جائیں گے - اگر پشتے تباہ ہو گئے - تو خیال نہیں کیا جا سکتا - کہ کس قدر نقصانات برداشت کرنے پڑینگے اگر پانی شہر تک پہنچ گیا - تو ہزارہا کچے مکانات منہدم ہو جائینگے +

ہر سکینڈ کے بعد ایک ہزار ٹن پانی شاہی باغات میں گھسا چلا جا رہا ہے - تجارتی نقطہ نگاہ سے سب سے زیادہ تباہ کن نقصان یہ ہُوا ہے - کہ بغداد کے ریلوے سٹیشن کے شمالی گوشے میں پانچ فٹ پانی کھڑا ہو گیا ہے - بہت سے سٹیشن اور کئی ایک عمارات منہدم ہو گئی ہیں - تجارتی مال کی پانچ ہزار گانٹھیں (جن میں زیادہ گانٹھیں شکر کی تھیں) خورده فروشی کا بہت سا سامان اور سگرٹ جو ریلوے کے گودام میں اور چھکڑوں پر لدے ہوئے تھے - اسوقت زیر آب ہیں - ان کی مالیت کا اندازہ ۲½ لاکھ پونڈ کیا جاتا ہے +

بغداد - ۱۱ راپریل - ماہرین آبپاشی بیان کرتے ہیں کہ آج رات کو بغداد کی حالت نہایت ابتر ہو گئی - دریائے دجلہ کا شگاف اب دو سو گز تک وسیع ہو گیا - اور پانی فی سکینڈ ۳۵ ہزار مربع فٹ کے حساب سے گھسا چلا آ رہا ہے اس وقت سطح طوفان بغداد کے بہت سے حصوں میں ۱۵ فٹ اوپر چڑھ گئی ہے - اس وقت تک ۱۰ لاکھ پونڈ سے زیادہ نقصان ہو چکا ہے - اگر پانی اور زیادہ گھس آیا - تو خطرہ ہے - بہت ہی زیادہ نقصان ہوگا - اور مالی نقصان کے علاوہ بے شمار جانیں بھی ہلاک ہو جائیں گی +

——— ایتھنز ۱۲ راپریل - کل ۲۳ اضلاع میں انتخاب صدر کے سلسلہ میں رائے شماری کی گئی - اطلاعات آمدہ سے ظاہر ہوتا ہے - کہ حد سے زیادہ اکثریت نے جنرل پنگولس کے حق میں ووٹ دیئے - جنرل پنگولس کا انتخاب حتمی طور پر فیصلہ پذیر ہو گیا ہے +

(عبد الرحمن کشمیری قادیانی پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھاپ کر مالکان کے لئے شائع کیا)